## ڈاکٹرعمران فاروق شہید وفا اور شہید انقلاب ہیں، الطاف حسین

**ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے والد محترم فاروق احمد اور والدہ محترمہ رئیسہ فاروق سے الطاف حسین کی ٹیلیفون پر تعزیت**

**آپ نے ایک ایسے سپوت کو جنم دیا جس نے آخری سانس تک تحریک سے وفا نبھا کر دنیا کو دکھا دیا کہ وفا کیا چیز ہوتی ہے۔ الطاف حسین**

**ڈاکٹر صاحب اس دنیا سے چلے گئے لیکن ابھی آپ کا بیٹا الطاف حسین زندہ ہے، عمران فاروق شہید کی والدہ سے الطاف حسین کی گفتگو**

**دشمنوں نے ڈاکٹرعمران فاروق کو شہید کرکے میرا حوصلہ توڑنے کی کوشش ہے، جب تک ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے قاتل نہیں پکڑے جاتے مجھے چین نہیں آئے گا، الطاف حسین**

**میں نے عمران فاروق کو آپ کو دیدیا تھا، وہ آپ ہی کا بیٹا تھا۔ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی والدہ محترمہ رئیسہ فاروق کی الطاف حسین سے گفتگو**

**میں شہید کی ماں ہوں اور شہید کی مائیں رویا نہیں کرتیں، میں اللہ کی رضا میں راضی ہوں۔ محترمہ رئیسہ فاروق**

**عمران فاروق آخری سانس تک آپ کے ساتھ رہا، وہ ''شہیدِ وفا'' ہے۔ عمران فاروق شہید کے والد محترم جناب فاروق احمد**

لندن۔۔۔23، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج کراچی میں ایم کیوایم کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے گھر فون کرکے شہید رہنما کے والد محترم جناب فاروق احمد اور والدہ محترمہ رئیسہ فاروق سے تعزیت کی۔ شہید کنوینر کے سوگوار والدین سے تعزیت کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر آپ ہی نہیں بلکہ ہم سب ہی غم اور صدمہ سے نڈھال ہیں، یہ پوری قوم کا غم ہے، ان کی شہادت کا دکھ میرے دل پر لگنے والا ایسا زخم ہے جو مرتے دم تک بھر نہیں سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں کہ جب پورے ملک میں ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام تیزی سے پھیل رہا تھا اور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کی جانب آرہے تھے کہ دشمنوں نے ڈاکٹرعمران فاروق کو شہید کرکے ایم کیوایم کی اس بڑھتی ہوئی ملک گیر مقبولیت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے، سازشی عناصر نے ڈاکٹرعمران فاروق کو شہید کرکے تحریک کو روکنے کے ساتھ ساتھ میرا حوصلہ توڑنے کی کوشش ہے لیکن اس طرح کے ظالمانہ ہتھکنڈوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ برطانیہ کی پولیس اور تحقیقاتی ادارے انشاءاللہ قاتلوں تک ضرور پہنچ جائیں گے اور مجھے اس وقت چین آئے گا جب ڈاکٹرعمران فاروق کے قاتل پکڑے جائیں گے۔ انہوں نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی والدہ سے کہا کہ آپ اتنی عظیم ماں ہے، آپ نے ایک ایسے سپوت کو جنم دیا جس نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کردیا اور آخری سانس تک تحریک سے وفا نبھا کر دنیا کو دکھا دیا کہ وفا کیا چیز ہوتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے شہید کنوینر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق، شہیدِ وفا اور شہیدِ انقلاب ہیں، وہ ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ نے انہیں شہادت کا درجہ دیا ہے، اللہ تعالیٰ ان کی شہادت کو قبول فرمائے، انہیں کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور ہم سب کو صبر دے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی والدہ کو تسلی دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر صاحب اس دنیا سے چلے گئے لیکن ابھی آپ کا بیٹا الطاف حسین زندہ ہے اور جب تک میں زندہ ہوں آپ کو کسی قسم کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں، آپ میرے لئے ماں کی حیثیت رکھتی ہیں اور ہمیشہ ایک ماں کی طرح میرے دل میں آپ کیلئے عزت رہے گی۔ آپ حوصلہ رکھیں، ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی بیوہ اور بچوں کی خبرگیری، تعلیم اور پرورش بھی میری ذاتی ذمہ داری ہے۔ شہید کے والدین سے تعزیت کرتے ہوئے جناب الطاف حسین بھی شدت غم سے نڈھال تھے، اس موقع پر ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی والدہ محترمہ رئیسہ فاروق نے جناب الطاف حسین کو بھی تسلی دی اور کہا کہ میرے حوصلے بہت مضبوط ہیں، میں شہید کی ماں ہوں اور شہید کی مائیں رویا نہیں کرتیں، میں اللہ کی رضا میں راضی ہوں، میں ایسے انسان کی ماں ہوں جو نہ کبھی ٹوٹا، نہ بکا، نہ جھکا۔ لوگ مشکل وقت میں ٹوٹ جاتے ہیں لیکن وہ ٹوٹنے والا نہیں تھا اور ہر مشکل وقت میں آپ کے ساتھ چلتا رہا۔ شہید رہنما کی والدہ نے کہا کہ وفاداری نبھانا ہر ایک کے بس کی بات نہیں ہوتی اور عمران فاروق نے تحریک اور قوم سے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کردیا، اس نے شہادت کا مرتبہ پایا اور وہ شہید انقلاب ہوگیا۔ شہید رہنما کی والدہ نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ میں نے عمران فاروق کو آپ کو دیدیا تھا، وہ آپ ہی کا بیٹا تھا، آپ بھی میرے لئے تحریک کے قائد نہیں بلکہ شروع ہی سے میرے لئے بیٹوں کی طرح ہیں اور آپ نے بھی ایک بیٹے کی طرح ہمیشہ میرا خیال رکھا اور ایک ماں کی طرح احترام دیا، عزت دی، اللہ آپ کو بھی عزت دے۔ اللہ کے بعد مجھے آپ نے ہر آزمائش میں حوصلہ دیا، مجھے ماضی کی ایک ایک بات یاد ہے اور برے وقت میں اللہ تعالیٰ کے بعد جس طرح آپ نے ہمارا خیال رکھا ہے اور وہ تمام واقعات میرے ذہن میں گھوم رہے ہیں۔ شہید کی والدہ نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ عمران فاروق کی شہادت پر ہر آنکھ اشکبار اور ہر فرد غم میں مبتلا ہے، آپ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں، آپ کو، شہید کی بیوہ، بچوں، بھائیوں، بہنوں، ہم

سب کو صبر دے، اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی حفاظت میں رکھے اور ہماری تحریک کیلئے بہتری کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ آزمائش کا وقت ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ماضی میں بھی آزمائشوں سے نکالا، آزمائش کا یہ وقت بھی گزر جائے گا اور اللہ تعالیٰ تحریک کو مزید عروج دے گا۔اس موقع پر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے والد محترم جناب فاروق احمد نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران فاروق نے 32 سال پہلے آپ سے وفا نبھانے کا عہد کیا تھا اور وہ آخری سانس تک آپ کے ساتھ رہا، وہ ''شہیدِ وفا'' ہے۔عمران فاروق شہید کے والد محترم جناب فاروق احمد نے جناب الطاف حسین کو بھی تسلی دی اور کہا کہ عمران فاروق کی شہادت کا غم سبھی کو ہے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سانحہ پر صبر عطا کرے اور ہمیں چاہیے کہ ہم اب شہید کے ایصال ثواب کیلئے زیادہ سے زیادہ فاتحہ کریں۔

## ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو سنائی جانیوالی سزا امریکی عدالت کا انصاف نہیں بلکہ کھلا عدالتی ظلم ہے۔الطاف حسین

## اس سزا سے پاکستان کے عوام میں امریکہ کے خلاف مزید نفرتیں جنم لیں گی

## ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو سزا سنائے جانے پر ان کی والدہ محترمہ عصمت صدیقی، بہن فوزیہ صدیقی اور ان کے تمام اہل خانہ سے الطاف حسین کا اظہار ہمدردی

لندن۔۔۔ 23 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے امریکی عدالت کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 86 سال کی سزا سنائے جانے کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو سنائی جانیوالی 86 سال کی سزا امریکی عدالت کا انصاف نہیں بلکہ کھلا عدالتی ظلم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سزا سے پاکستان کے عوام میں امریکہ کے خلاف مزید نفرتیں جنم لیں گی۔انہوں نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو سزا سنائے جانے پر ان کی والدہ محترمہ عصمت صدیقی، بہن فوزیہ صدیقی اور ان کے تمام اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور امریکی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا منسوخ کی جائے انہیں فی الفور رہا کیا جائے۔

## عمران فاروق کا قتل بہت بڑا سانحہ ہے

## وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کا ایم کیو ایم مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی موجودہ حکومت اور ایم کیو ایم ایک دوسرے کے غم و دکھ کے ساتھی ہیں ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت ایک بڑا سانحہ ہے، جس ظالم نے بھی یہ کام کیا ہے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے خود نمٹے میں یہاں آج صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی کے حکم پر تعزیت کیلئے یہاں آیا ہوں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تحویل مجرمین کے معاہدہ کے باوجود ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتل کو پاکستان نہیں لاؤنگا، کچھ لوگوں کی خواہش ہے کہ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کا اتحاد ختم ہو لیکن ہم اکھٹے ہیں اور رہیں گے۔یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار سے ایک تعزیتی ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس سے قبل رحمٰن ملک نے ڈاکٹر عمران فاروق کی بہیمانہ شہادت پر اپنے رنج و غم اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کی۔رحمٰن ملک کے ہمراہ پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماء پیر مظہر الحق، راشد ربانی، وقار مہدی اور سعید غنی کے علاوہ ایم کیو ایم کی جانب سے سینیٹر بابر خان غوری، صوبائی وزیر عادل صدیقی، ارکان قومی اسمبلی رشید گوڈیل، فوزیہ اعجاز اور رکن سندھ اسمبلی زرین مجید بھی موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ ہم ایک دوسرے کے حلیف ہیں ہمیں ایک دوسرے کے غم باٹنے چاہیں ڈاکٹر عمران فاروق ایک بہادر انسان تھے انہوں نے الطاف حسین سے ملکر ایم کیو ایم کو آگے بڑھایا، الطاف حسین ان کی شہادت پر بہت غم زدہ ہیں ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو جنت نصیب کریں، ہم نے ایم کیو ایم کی قیادت کو بتا دیا ہے کہ بحیثیت حکومت ہم پاکستان کے اندر اور باہر جس قسم کا تعاون درکار ہے پیپلز پارٹی ان کے ساتھ ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی میت لانے کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا ان کے لواحقین اور پارٹی جو فیصلہ کرے گی سب کچھ اسی کے مطابق ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے ایک ایسی ویب سائٹ پکڑی ہے جو ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کر رہی ہے ایک کو ہم نے پکڑ لیا ہے جبکہ دیگر کو پکڑنے کیلئے اگر انٹر پول سے بھی رابطہ کرنے کی ضرورت پڑی تو حکومت ایسا کرے

گی ۔انہوں نے غلط فہمیاں پھیلانے والی ایسی ویب سائٹس اورایس ایم ایس کرنے والوں کوخبردار کیا ہے کہ وہ باز آجائیں کیونکہ ہمارے دلوں کودکھ دے رہے ہیں۔ایک اورسوال کے جواب میں رحمٰن ملک نے کہا کہ جناب الطاف حسین سے موجودہ صورتحال پرتین مرتبہ بات چیت ہوئی ہے کابینہ کے ایک اجلاس کے دوران صدراوروزیراعظم نے مجھے حکم دیا کہ میں لندن تعزیت کیلئے چلاجاؤں لیکن الطاف بھائی بہت زیادہ غم زدہ اورنڈھال تھے ۔صدراوروزیراعظم کوجب بھی موقع ملاوہ تعزیت کیلئے نائن زیروضرورآئیں گے۔ڈاکٹرفاروق ستار نے تعزیت کیلئے رحمٰن ملک کی نائن زیروآمدپران کاشکریہ کیا اورکہا کہ ہم صدر، وزیراعظم کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ قائدتحریک الطاف حسین اورڈاکٹرعمران فاروق کے لواحقین سے ہمدرداوریکجہتی کا اظہارکیا۔یہی وہ طریقہ ہے جس سے حوصلہ ملتا ہے۔ڈاکٹرفاروق ستار نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی میت پاکستان لائے جانے کے حوالے سے پھیلائی جانے والی افواہوں پربھی گہری تشویش کا اظہارکیا جس میں کہا جارہا ہے کہ ان کی میت آج یا کل لائی جائے گی ان افواہوں کے باعث عوام تعلیمی اداروں کی انتظامیہ خصوصاً طالب علموں کوپریشانی کا سامنا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ جیسے ہی میت پاکستان لانے کے دن اورتدفین کے دن اوروقت کا تعین ہوگا عوام کواس سے پیشگی آگاہ کردیا جائے گا۔

## ڈاکٹرفاروق ستارودیگرارکان رابطہ کمیٹی کا ڈاکٹرعمران فاروق کے والدین سے ملاقات
## حیدرآباد،میرپورخاص کے ذمہ داران وکارکنان کی فاروق احمد ملاقات وتعزیت
## شہید کی رہائشگاہ پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی،رابطہ کمیٹی کے ارکان ودیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔23ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہید کی رہائشگاہ پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیاسی ،مذہبی ،ادبی،ثقافتی ،صحافتی شخصیات، ادبی،صحافتی ،سماجی انجمنوں ،علمائے کرام اورمختلف برادریوں سمیت شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراداپنے وفود کے ہمراہ شریف آباد میں واقع ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی رہائشگاہ پررابطہ کمیٹی ارکان سے تعزیتی ملاقاتیں کررہے ہیں۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرمحمد فاروق ستار،سیدمصطفیٰ کمال اورشاکرعلی نے شریف آباد میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے والدین سے ملاقات کی اوران کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پران کے ہمراہ حق پرست صوبائی وزراءاورارکان اسمبلی بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میرپورخاص اورایم کیوایم حیدرآبادزون کی سیکٹرکمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان نے بھی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پران کی رہائشگاہ جاکران کے اہلخانہ سے تعزیت کی اورشہید کے بلنددرجات اورمغفرت کیلئے دعا کی۔شہید کی رہائشگاہ پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، صوبائی وزراء،ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی ،کراچی کے مختلف سیکٹرز کے ذمہ داران وکارکنان یم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان ،ایم کیوایم کے ہمدردوں، شہید کے عزیزواقارب کے علاوہ مقامی اسکولوں کے اساتذہ طلباء وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہیداورایم کیوایم کے شہداء کے بلنددرجات کیلئے دعا کی گئی۔

## جام مددعلی کی سربراہی میں اپوزیشن جماعت کے اراکین کا نائن زیروتعزیتی دورہ
## ڈاکٹرفاروق ستار،مصطفیٰ کمال اوردیگرسے ملاقات،ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرتعزیت

کراچی۔۔۔23ستمبر 2010ء

جام مددعلی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین ہماری قوم کا اثاثہ ہیں،ڈاکٹرعمران فاروق کا بہیمانہ قتل بہت بڑا سانحہ ہے جس کوبیان کرنے کیلئے ان کے پاس الفاظ نہیں۔ان کلمات کا اظہارانہوں نے جمعرات کے روزاپوزیشن سے تعلق رکھنے والے مسلم لیگ فنکشنل اورمسلم لیگ قائداعظم کے ارکان سندھ اسمبلی کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیزآباد کے تعزیتی دورے کے موقع پرمیڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے کیا۔اس سے قبل جام مددکی سربراہی میں پاکستان مسلم لیگ فنکشنل اورسندھ اسمبلی میں اپوزیشن جماعت مسلم لیگ قائداعظم کے نمائندہ وفد نے ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیزآباد کا دورہ کیا اورڈاکٹرفاروق ستار،سیدمصطفیٰ کمال سے ملاقات کرکے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پردلی تعزیت وافسوس کا اظہارکیا۔وفد کے ارکان میں اراکین سندھ اسمبلی راناعبدالستار،سرداررحیم،محترمہ نصرت سحرعباسی ،قاضی شمس الدین،علی غلام نظامانی، ڈاکٹرمحمدرفیق ایمن اوردیگرشامل تھے۔جام مددعلی نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق نہایت نفیس،محبت کرنے والے اورمخلص انسان تھے جوشروع دن سے جناب الطاف حسین اورایم

کیوایم سے وابستہ رہے اور قابلیت کے اعلیٰ درجے پر پہنچ چکے تھے، ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت بہت بڑا سانحہ ہے جس کیلئے ان کے پاس الفاظ نہیں کہ وہ کس طرح ڈاکٹر عمران کی خدمات کو بیان کریں، ماہ سوائے اس کہ وہ ان کیلئے دعا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب الطاف بھائی اور ڈاکٹر صاحب کے تمام گھر والوں کے دکھ درد میں شریک ہیں، اللہ تعالیٰ الطاف بھائی، ڈاکٹر صاحب شہید کے گھر والوں بیوہ، بچوں، والدین اور بھائی بہنوں کو صبر دے۔ انہوں نے کہا کہ برطانوی حکومت ضرور قاتلوں تک پہنچیں گی کیونکہ یہ بہت بڑا واقعہ ہے جوان کے شہر میں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ میں پاکستان کے ایک بہت بڑے لیڈر الطاف بھائی بھی ہیں یہ ہماری قوم کا اثاثہ ہیں اللہ تعالیٰ الطاف بھائی کی حفاظت کرے، انہیں صحت وتندرستی دے۔ اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے جام مدد علی اور اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی کا نائن زیرو آمد پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ بہت بڑا سانحہ اور صدمہ ہے تاہم رابطہ کمیٹی اور کارکنان کا متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے مشن ومقصد کو جاری رکھیں گے جس کیلئے ڈاکٹر عمران فاروق بھائی نے اپنی جان کی قربانی دی اور ملک میں ایک متوسط طبقے کی حکمرانی اور انقلاب برپا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ایم کیوایم کا دس روزہ سوگ اور مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور شہید کی رہائشگاہ پر تعزیتی دوروں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

## نائن زیرو پر مختلف سیاسی، مذہبی، سماجی، ادبی شخصیات اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا تعزیتی دورہ

کراچی۔۔۔23 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں مختلف سیاسی، مذہبی، سماجی، ادبی وصحافتی شخصیات اور مختلف انجمنوں کی جانب تعزیتی دوروں کا سلسلہ ساتویں روز بھی جاری رہا اور اس سلسلے میں گذشتہ روز کے دوران تعزیت کیلئے آنے والوں میں وفاقی وزیر ماحولیات حمید اللہ جان آفریدی، پاکستان مسلم لیگ نواز گروپ کراچی صدر چوہدری محمد اسلم، نائب صدر مرکزی کونسل ودیگر، پرنس کریم آغا خان کمیونٹی کے چیئرمین علی غلام حسین، جیئے سندھ قومی محاذ کا نمائندہ وفد، ہزارہ قومی فرنٹ کی چیئرپرسن لیلیٰ پروین، فیڈریشن پاکستان چیمبر آف کامرس کے سرپرست طاروق سعید، صدر سلطان چاولہ، نائب صدر و منشیٰ، ذکریا عثمان، صدر پرائیویٹ اسکول مینجمنٹ، دعوت اسلامی پی آئی بی کے سربراہ محمد سہیل عطاری، الیکٹرونکس مارکیٹ پی آئی بی کے صدر محمد امین ودیگر، فلاور ایسوسی ایشن پی آئی بی صدر عبدالحمید قریشی ودیگر، عباسی برداری اتحاد ویلیفئر کورنگی کے سربراہ حاجی محمد ایوب عباسی، مئیو برادری کورنگی کے سربراہ محمد عتیق عباسی ودیگر، ماتمی دستہ امام محلّہ آل انجمن تاجران میرپور خاص کے سرپرست اعلیٰ حاجی اخلاق ودیگر، آل کراچی فارم ہاؤسز ویلفئر ایسوسی ایشن کے صدر سلیم چاند ودیگر، راجپورت برداری کے سربراہ راؤ شمشاد علی ودیگر، جیولرز ایسوسی ایشن کورنگی کے جنرل سیکرٹری شجاع الدین، اسماعیلی برادری، احمد یعقوب ودیگر پنجاب ساہیوال چیچہ وطنی، اقلیتی برادری مارواری پنچائیت، ہندو گجراتی پنچائیت، اجمیر برادری، سلمان، راؤ رشید، محمد جاوید ودیگر جیولرز ایسوسی ایشن شاہ فیصل، رفیق چاولہ صدر، سیکرٹری باقر شبیر زیدی ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن شاہ فیصل دارالعلوم امجدیہ کے سربراہ مولانا نعیمی ودیگر اراکین، اویس آفاقی سرپرست المصطفیٰ ٹرسٹ ملیر ودیگر، شعیب نظامی ودیگر جامع مسجد غوثیہ، نصرت خان ودیگر سارہ ایونیو ویلیفئر ایسوسی ایشن اسکیم 33، حیدر، عاطف شمائل ویلفیئر ایسوسی ایشن، دہلی پنجابی سوداگران کے صدر خالد ودیگر، جدون برادری، تنولی برادری، پختون برادری کے سرپرست پرویز، ارشاد ودیگر، صدر وہاب، سیکرٹری محمد رمضان مارکیٹس ایسوسی ایشن ودیگر، شاہ فیصل، صدر شجاع الدین صدیقی، سیکرٹری کمال صدیقی مارکیٹس ایسوسی ایشن ودیگر شاہ فیصل، چیئرمین یوسف خان،، مارکیٹ ایسوسی ایشن شاہ فیصل، صدر راشد بوہرہ ودیگر، وسیم، مشرف اور دیگر رضوان کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، روفی پیراڈیز محمد اسلم خان، نعمان احمد ہارون مسلم ہاؤسنگ سوسائٹی، شیران، فہد، اکبر اور دیگر بلیز گارڈن، یاسر آرکیڈ کنیز فاطمہ ٹیچر سوسائٹی، بشیر، حنیف، عارف اور دیگر برائٹ اسٹار ویو جامعہ کراچی کیمپس، لیاقت مغل، ستارہ اور دیگر بھایانی ہائٹس ریلوے کمیشنر سوسائٹی، صدر اقبال، سیکرٹری صمد و دیگر شمع شاپنگ سینٹر شاہ فیصل، صدر فران، سیکریٹری مبشیر ودیگر فلک ناز ایسوسی ایشن، آل کراچی موٹرز ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ایم ایم شہزاد ودیگر، سوسائٹی ریلیشن کی مسز ریحانہ شاداب ودیگر، فرحان ودیگر شیل پیٹرول پمپ شاہ فیصل، انجمن علمدار شوشل ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین ودیگر، انجمن شمع رسالت کے صدر شہزاد ودیگر، انجمن جانثاران مصطفیٰ کے سرپرست سلیم ودیگر، القریشہ برداری، انجمن تاجران ستارہ مارکیٹ کے صدر طارق علی ودیگر، انجمن محمدی ملیر کے سرپرست اعلیٰ حسن بن حسین، لیاقت مارکیٹ ملیر کے صدر حیدر عباس ودیگر، انصاری برادری کورنگی کے صدر رشید انصاری ودیگر، گلستان جوہر کے مختلف ہاؤسنگ پروجیکٹس کے رہائشی افراد نے اپنے وفود کے ہمراہ نائن زیرو پر تعزیتی دورہ کیا اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعائیں کیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں ودیگر ذمہ داران نے تعزیت کیلئے آنے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کیا۔

## کارکنان کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔23 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم شعبہ خواتین کی کارکن زیتون اور ایم کیوایم جیکب آباد زون یونٹ توج شیروہ کے کارکن ریاست عباسی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوارن سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔23 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم شعبہ خواتین کی کارکن زیتون، جیکب آباد زون یونٹ توج شیروہ کے کارکن ریاست عباسی اور ایم کیوایم دادو زون کے جوائنٹ زونل انچارج بابر عباسی کے بھائی عمران عباسی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆